# گرین فیل ٹاور تحقیق کے دوسرے مرحلے کی رپورٹ پر حکومت کا جواب: سالانہ رپورٹ 2026

25 فروری 2026

## مشمولات

گرین فیل ٹاور تحقیق کے دوسرے مرحلے کی رپورٹ پر حکومت کا جواب: سالانہ رپورٹ 2026 .................. 1

وزارتی تمہید .......... 2

خلاصہ .......... 3

اس رپورٹ کے ساتھ متعلقہ اعلانات اور دستاویزات بھی جاری کی جا رہی ہیں۔ .......... 7

# وزارتی تمہید

14 جون 2017 کو گرین فیل ٹاور میں لگنے والی آگ نے 72 قیمتی جانیں لے لیں۔ اس واقعے کے اثرات کئی برسوں تک خاندانوں، ایک پوری کمیونٹی اور ہمارے ملک پر رہیں گے۔ سوگوار خاندانوں، بچ جانے والوں اور نارتھ کینسنگٹن کی وسیع کمیونٹی کی ہمت اور ثابت قدمی آج بھی بہت سے لوگوں کے لیے حوصلہ افزائی کا سبب ہے۔

ہمیں ہمیشہ یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ سرکاری اداروں، صنعت اور نگرانی کرنے والے اداروں کی وہ ناکامیاں، جن کی وجہ سے یہ سانحہ پیش آیا، کبھی نہیں ہونی چاہئیں تھیں۔ یہ ایک ایسا سانحہ تھا جسے روکا جا سکتا تھا، اور اسے ضرور روکا جانا چاہیے تھا۔ اگرچہ ہم ماضی کو بدل نہیں سکتے، مگر ہم اس سے سچے دل کے ساتھ سبق سیکھ سکتے ہیں، مضبوطی سے عمل کر سکتے ہیں، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کر سکتے ہیں کہ ایسی گہری ناکامیاں دوبارہ کبھی نہ ہوں۔

حکومت نے گرین فیل ٹاور تحقیق کی تمام سفارشات کو قبول کر لیا ہے، لیکن اس کے ساتھ ایک وسیع عہد بھی کیا ہے: ایسے مربوط اور طویل مدت کے اصلاحی اقدامات کرنا جن کا مطالبہ رہائشیوں نے کیا ہے اور جن کے وہ حقدار ہیں — تاکہ ہمارے ملک بھر کے لوگ، خاص طور پر سماجی رہائش میں رہنے والے افراد، زیادہ محفوظ اور بہتر گھروں میں رہ سکیں، اور یہ سب گرین فیل سانحے کی ایک واضح اور مثبت یادگار بنے۔ ہم لوگوں کو ترجیح دے کر، تحفظ کو مضبوط بنا کر، اور یہ یقینی بنا کر کہ عمارتوں کے نقشہ بنانے، تعمیر کرنے اور ان کا انتظام کرنے والے افراد بلند ترین معیار پر پورا اتریں، اعتماد کو دوبارہ قائم کریں گے۔

گرین فیل ٹاور تحقیق کے بعد یہ پہلی سالانہ رپورٹ ہماری پیش رفت کو بیان کرتی ہے: بہتر نگرانی؛ تعمیراتی مواد میں اصلاحات کی پیش رفت؛ زیادہ واضح رہنمائی؛ پیشہ ورانہ معیار میں بہتری؛ مؤثر عمل درآمد؛ مرمت کے کاموں میں تیزی؛ اور ہنگامی حالات کے لیے بہتر تیاری۔

لیکن ابھی مزید کام باقی ہے۔ کچھ اصلاحات کے لیے قانون سازی درکار ہے، جبکہ دیگر کے لیے مسلسل رویوں میں تبدیلی ضروری ہے۔ ہم دونوں کاموں کو پورا کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہم میموریل کمیشن اور کمیونٹی کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ ایک دیرپا یادگار کی منصوبہ بندی میں ان کی مدد کی جا سکے۔ آنے والے ہفتوں میں اس سفر کا ایک اہم مرحلہ آئے گا، جب ہم ایسا قانون منظور کریں گے جو ہمیں اس یادگار کے لیے مالی تعاون فراہم کرنے کا قانونی اختیار دے گا۔

یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ لوگ اپنے گھروں میں محفوظ ہوں اور خود کو محفوظ محسوس بھی کریں، اور ماضی میں جو ناکامیاں اس تحفظ کو نقصان پہنچا چکی ہیں، وہ دوبارہ کبھی پیش نہ آئیں۔ اس کام کے لیے ہماری لگن کبھی کم نہیں ہوگی۔

**رائٹ آنریبل اسٹیو ریڈ او بی ای، رکنِ پارلیمنٹ**

سیکرٹری برائے رہائش، کمیونٹیزاور مقامی حکومت

## خلاصہ

1. گرین فیل ٹاور کا سانحہ ایسا واقعہ تھا جو کبھی پیش نہیں آنا چاہیے تھا۔ اس آگ کی وجہ سے 72 بے گناہ جانیں ضائع ہوئیں، ایک ایسی جگہ پر جہاں انہیں محفوظ محسوس کرنا چاہیے تھا اور حقیقت میں محفوظ ہونا بھی چاہیے تھا۔

2. گرین فیل ٹاور کی تحقیق کے دوسرے مرحلے پر حکومت کے جواب کو ایک سال گزر چکا ہے، وہ دن جس نے اس سانحے سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والوں کی گہری اور تکلیف دہ یادوں کو دوبارہ تازہ کر دیا۔

3. گرین فیل ٹاور، لنکاسٹر ویسٹ اسٹیٹ اور نارتھ کینسنگٹن کی کمیونٹیز اب بھی مضبوطی کے ساتھ اس بات کے لیے پُرعزم ہیں کہ تبدیلی آئے، اور یہ حکومت بھی بامعنی اور دیرپا اصلاحات نافذ کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

4. سر مارٹن مور بیک اور ان کی ٹیم کی اس تحقیق کے دوسرے مرحلے میں کی گئی محنت کے نتیجے میں 58 سفارشات پیش کی گئیں۔ حکومت اور دیگر ذمہ دار اداروں نے ان تمام سفارشات کو قبول کر لیا۔

5. تحقیق کے جواب میں حکومت نے ان پر عمل کرنے کے منصوبے پیش کیے اور یہ بھی بتایا کہ اس میں کم از کم چار سال لگیں گے، کیونکہ کچھ سفارشات کے لیے نئے قوانین بنانا ضروری تھا۔ تمام سفارشات پر کام جاری ہے اور ہم اب بھی اس مدت کے اندر انہیں مکمل کرنے کی راہ پر ہیں۔

6. 25 فروری 2026 تک حکومت نے 12 سفارشات پر عمل درآمد، ان کی تکمیل اور باضابطہ طور پر انہیں مکمل کرنے کی اطلاع دی ہے، جن میں پہلے مرحلے کی باقی ماندہ دو سفارشات بھی شامل ہیں۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ 2026 کے آخر تک 70٪ سفارشات مکمل کر لی جائیں گی۔

| موضوع | سفارشات کی تعداد | عمل جاری ہے | مکمل شدہ |
|---|---|---|---|
| **تعمیراتی صنعت** | 28 | 24 | 4 |
| **فائر اور ریسکیو خدمات** | 13 | 9 | 4 |
| **ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی اور بعد میں بحالی کے اقدامات** | 14 | 14 | 0 |
| **کمزور لوگ اور پہلے مرحلے کی سفارشات** | 6 | 2 | 4 |
| **کُل** | **61** | **49** | **12** |

7. سال 2025 کے مئی، ستمبر اور دسمبر میں پیش رفت کی رپورٹیں شائع کی گئیں، جن میں ہر سفارش پر ہونے والے کام اور وسیع اصلاحات میں اہم پیش رفت کی تفصیل دی گئی۔

8. یہ سالانہ رپورٹ گزشتہ سال کے دوران کیے گئے کام کی تفصیلی وضاحت پیش کرتی ہے، ساتھ ہی آئندہ سال اور اس کے بعد کے لیے اہداف اور منصوبوں کو بھی بیان کرتی ہے۔ یہ اس مسلسل کوشش کی عکاسی کرتی ہے جس کا مقصد تعمیر شدہ ماحول کے نظام اور طریقۂ کار کو مضبوط بنانا ہے تاکہ رہائشیوں کا تحفظ ہو اور عمارتیں محفوظ رہیں۔ یہ رپورٹ مختلف موضوعاتی ابواب میں تقسیم کی گئی ہے جو فروری 2025 میں حکومت کے جواب کے مطابق ترتیب دیے گئے ہیں، جبکہ ضمیمے میں ہر ایک سفارش پر ہونے والی پیش رفت کی تازہ معلومات اور جو سفارشات ابھی مکمل نہیں ہوئیں ان کے لیے عملدرآمد کا وقت بھی شامل ہے۔

9. سال 2025 میں ہونے والی اہم پیش رفت اور ترقی میں شامل ہیں:

10. **عمارتوں اور آگ سے تحفظ کے نظام کو مضبوط بنانا.** گزشتہ ایک سال میں ہم نے ایک زیادہ مربوط اور جواب دہ نظام کی طرف واضح پیش رفت کی ہے۔ اب ہم نے عمارتوں کی حفاظت، آگ سے بچاؤ اور ہنگامی ردعمل سے متعلق تمام ذمہ داریوں کو ایک ہی محکمہ کے تحت لے آئے ہیں، جس سے خطرات کی نگرانی زیادہ بہتر اور یکساں ہو گئی ہے، اور قوانین پر عمل درآمد کا طریقہ بھی زیادہ مربوط ہو گیا ہے۔ 27 جنوری 2026 کو عمارتوں کی حفاظت کا نگران ادارہ یعنی بلڈنگ سیفٹی ریگولیٹر(BSR)ایک علیحدہ قانونی حیثیت کے ساتھ قائم کیا گیا۔ اسے صحت و حفاظت کے ادارے سے منتقل کر کے رہائش، کمیونٹیز اور مقامی حکومت کی وزارت کے ماتحت ایک خودمختار ادارہ بنایا گیا، جو ایک متحدہ تعمیراتی نگران نظام کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس ادارے نے تعمیر شدہ ماحول میں معیار اور رویوں کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے، اور اب حکومت مزید اقدامات کر رہی ہے تاکہ زیادہ خطرے والی عمارتوں کے نظام کو متوازن اور مؤثر طریقے سے چلایا جا سکے۔ اس تبدیلی کے ساتھ ساتھ ٹیلی مواصلاتی کاموں پر تعمیراتی نگرانی کے اطلاق کے بارے میں مشاورت بھی شروع کی گئی۔ ان تجاویز سے نظام پر دباؤ کم کرنے، یکسانیت بہتر بنانے اور یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ متعلقہ ادارے کی مہارت کو سب سے زیادہ پیچیدہ اور زیادہ خطرے والے کاموں پر مرکوز کیا جائے۔ یہ تبدیلیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ رہنمائی اور معلومات کو اُن شعبوں تک پہنچایا جائے جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، اور اس عمل میں ضابطہ کار اور صنعت کی صلاحیت کو ایک ساتھ لایا جائے۔

11. **واضح قواعد اور توقعات کے ذریعے پورے نظام میں اصلاحات کو آگے بڑھانا.** ہم نے ان قواعد کو مزید مضبوط بنانا جاری رکھا ہے جو عمارتوں کے محفوظ نقشہ، تعمیر اور انتظام کی بنیاد بنتے ہیں۔ اس سال ہمارا کام اس بات پر مرکوز رہا ہے کہ توقعات کو مزید واضح بنایا جائے اور تحقیق میں سامنے آنے والی کمیوں کو دور کیا جائے، تاکہ ہم عملدرآمد کے اگلے مرحلے میں بھی تیزی کے ساتھ آگے بڑھ سکیں۔ اس میں تعمیراتی مصنوعات سے متعلق اصلاحات کی دستاویز بھی شامل ہے جو اس رپورٹ کے ساتھ شائع کی گئی ہے، جس میں نگرانی کو مضبوط بنانے اور ضابطوں میں موجود خلا کو پُر کرنے کے لیے جامع تبدیلیوں کی تجاویز دی گئی ہیں، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ مصنوعات کی درست جانچ، تصدیق اور استعمال ہو۔ تعمیراتی مصنوعات میں اصلاحات کی رفتار تیز کرنے کے لیے، ہم اس دستاویز کے ساتھ ساتھ ایک مشاورت بھی جاری کر رہے ہیں، جس میں عمومی حفاظتی تقاضے کے تحت اُن مصنوعات کو بھی ضابطے میں لانے کی تجویز دی گئی ہے جو اب تک اس کے دائرے میں شامل نہیں تھیں۔ ہم ارادہ رکھتے ہیں کہ اس سال کے آخر تک

مزید ذیلی قانون سازی پیش کی جائے۔اس کے علاوہ، عمارتوں کی حفاظت سے متعلق قانونی رہنمائی کے بنیادی جائزے پر کام بھی جاری ہے۔ عمارتوں کی حفاظت کے نگران ادارے نے اس جائزے کی تشکیل شروع کی، متعلقہ شعبوں سے وسیع مشاورت کی، اور جولائی 2025 میں اس عمل کی رہنمائی اور مدد کے لیے ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی۔ اس جائزے کی ابتدائی رپورٹ 2026 کے موسمِ بہار میں متوقع ہے۔

12. **تعمیر شدہ ماحول میں مہارت اور صلاحیت کو بہتر بنانا۔** فروری 2025 میں کیے گئے وعدوں کے بعد ہم نے تعمیرات، آگ سے بچاؤ کے انجینئرنگ شعبے، عمارتوں کی نگرانی اور آگ کے خطرات کے جائزے کے میدان میں پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنانے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ گزشتہ ایک سال کے دوران تکنیکی رہنمائی کے نئے ذرائع، مہارت کے معیاری ڈھانچے، اور پورے شعبے کی سطح پر مشاورت کے ذریعے ایک مضبوط اور زیادہ یکساں پیشہ ورانہ ماحول قائم کرنے کی بنیاد رکھی گئی ہے، جیسا کہ تحقیق میں ضروری قرار دیا گیا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ اُن اہم شعبوں میں جہاں طلب میں اضافہ ہوا ہے، افرادی قوت کی صلاحیت بڑھانے کے لیے ہدفی سرمایہ کاری کا آغاز کیا گیا ہے۔ سال 2025 کے دوران آگ سے بچاؤ کے انجینئرنگ، عمارتوں کی نگرانی اور تعمیرات کے شعبوں میں 1,200 سے زائد ماہر افراد نے نئے معیار کے مطابق تربیت مکمل کی۔ فائر انجینئرز کی مشاورتی کمیٹی کی مہارت سے متعلق رہنمائی کو اب 35 اعلیٰ تعلیمی اداروں نے اپنا لیا ہے، جس کی بنیاد پر ڈگریوں اور پیشہ ورانہ ترقی کے راستوں کو بھی جدید بنایا جا رہا ہے۔ عمارتوں کی نگرانی سے متعلق آزاد کمیٹی نے 220 سے زیادہ شواہد کا جائزہ لیا تاکہ اپنی سفارشات تیار کر سکے، جو 2026 کے آخر میں متوقع ہیں۔

13. **جوابدہی کو بہتر بنانا اور عمل درآمد کو مضبوط کرنا۔** ہم نے اس بات پر توجہ مرکوز رکھی ہے کہ جو افراد لوگوں کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں، اگر وہ معیار پر پورا نہ اتریں تو انہیں جواب دہ ٹھہرایا جائے۔ گزشتہ ایک سال میں حکومت نے نئے ضابطہ جاتی وسائل کو یکجا کیا، عمل درآمد کی صلاحیت کو بڑھایا، اور کارکردگی کی نگرانی کے بہتر نظام قائم کیے ہیں۔ اس میں ایسے نئے طریقے قائم کرنا شامل ہے جن کے ذریعے اُن صورتوں میں مداخلت کی جا سکے جہاں حفاظتی خطرات برقرار رہیں، اور مقامی نگران اداروں کی مدد کرنا تاکہ وہ بروقت اور مؤثر اقدامات کر سکیں۔ گزشتہ سال کے دوران مقامی نگران اداروں نے پچھلے سال کے مقابلے میں 124٪ زیادہ باضابطہ نوٹس جاری کیے اور 140٪ زیادہ معائنے کیے۔ مشترکہ معائنہ ٹیم نے 110 سے زیادہ عمارتوں کے جائزوں میں مدد فراہم کی، جس کے نتیجے میں اُن صورتوں میں 15 عملی اقدامات کیے گئے جہاں خطرات حل نہ ہو سکے تھے۔ مرمتی عملدرآمد یونٹ مارچ 2026 کے آخر تک مکمل عملے کے ساتھ کام کرنے لگے گا، جس سے سب سے زیادہ خطرے والی عمارتوں میں براہِ راست مداخلت ممکن ہو سکے گی۔

14. **رہائشیوں کی مدد کرنا اور اُن کی آواز کو مرکز میں رکھنا۔** فروری 2025 سے ایک بنیادی ترجیح یہ رہی ہے کہ رہائشیوں کے حقوق کو مضبوط بنایا جائے، شفافیت میں اضافہ کیا جائے، اور اُن کے خدشات پر فوری اور باعزت طریقے سے عمل کیا جائے۔ گزشتہ 12 مہینوں میں ہم نے سماجی رہائش میں صارفین سے متعلق قواعد میں اصلاحات کو آگے بڑھایا، رہائشیوں کی رائے دینے کے طریقوں کو بہتر بنایا، اُن کی تربیت اور معاونت

کو وسعت دی، اور گرین فیل ٹاور کے سانحے سے متاثرہ افراد کے ساتھ مسلسل کام جاری رکھا تاکہ اُن کے تجربات پالیسی سازی میں رہنمائی فراہم کرتے رہیں۔ گزشتہ ایک سال کے دوران 4,500 سے زیادہ رہائشیوں نے حکومتی معاونت سے چلنے والے پروگراموں کے ذریعے تربیت اور اپنے حقوق سے متعلق معلومات حاصل کیں، جبکہ وسیع کیے گئے رہائشی پینل نے براہِ راست 20 سے زیادہ پالیسی فیصلوں میں حصہ لیا، جن میں شفافیت اور شکایات کے حل کے طریقے بھی شامل ہیں۔ "چیزوں کو درست کریں" مہم کے ذریعے اندازاً 18 لاکھ کرایہ داروں تک رسائی حاصل کی گئی، جس کے نتیجے میں مسائل کی ابتدائی مرحلے پر رپورٹنگ میں واضح اضافہ ہوا۔

15. **مرمت کے عمل کو تیز کرنا اور اُن افراد کے لیے معاونت بہتر بنانا جو متاثرہ عمارتوں میں رہ رہے ہیں۔** یہ یقینی بنانا کہ جن گھروں میں سنگین حفاظتی مسائل ہیں انہیں محفوظ بنایا جائے، ہمارے کام کا ایک بنیادی مرکز ہے۔ گزشتہ ایک سال میں ہم نے مرمت کے عمل میں رکاوٹیں دور کرنے، غیر محفوظ عمارتوں کے ذمہ دار افراد کی جواب دہی کو مضبوط بنانے، اور اُن رہائشیوں کی مدد کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں جو تاخیر یا غیر یقینی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں۔ دسمبر 2025 کے آخر تک 2,168 عمارتوں میں مرمت کا کام شروع ہو چکا تھا یا مکمل ہو چکا تھا، جن میں سے 1,475 مکمل طور پر تیار ہو چکی ہیں۔ تعمیر کرنے والی کمپنیوں نے معاہدے کے تحت آنے والی 93٪ عمارتوں کے لیے مرمت کا طریقہ طے کر لیا ہے اور جن عمارتوں میں خرابیوں کی تصدیق ہو چکی ہے اُن میں سے 41٪ پر کام شروع ہو چکا ہے یا مکمل ہو چکا ہے۔ کلیڈنگ سیفٹی اسکیم نے چار یا اس سے زیادہ منزلوں والی عمارتوں کے تمام ریکارڈ کا ابتدائی جائزہ مکمل کر لیا ہے۔ یہ رپورٹ ہونے والی پیش رفت کو بیان کرتی ہے، جس میں بہتر ضابطہ جاتی اختیارات، نگرانی کے نئے طریقے، اور صنعت کے ساتھ مل کر مرمت کے عمل کی رفتار اور معیار کو بہتر بنانے کے اقدامات شامل ہیں۔

16. **قومی سطح پر مضبوطی پیدا کرنا اور ہنگامی حالات کی تیاری کو بہتر بنانا۔** اس سال ہم نے تحقیق کی اُن سفارشات پر عمل کیا جو ہنگامی ردعمل سے متعلق تھیں، جس میں مقامی اور قومی سطح پر ہم آہنگی کو بہتر بنانا، بنیادی ذمہ دار اداروں کے کردار کو مضبوط کرنا، اور یہ یقینی بنانا شامل ہے کہ کمزور اور حساس رہائشیوں کی ضروریات منصوبہ بندی اور تیاری کا مرکزی حصہ ہوں۔ تازہ قومی رہنمائی اور شراکت داروں کے لیے واضح توقعات ایک زیادہ مضبوط نظام کی حمایت کرتی ہیں جو پیچیدہ ہنگامی حالات کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سال 2025 کے دوران، دو ہزار سے زیادہ امدادی کارکنوں نے نئی تربیت مکمل کی جو نیشنل ریزیلیئنس سٹینڈرڈز اور امبر بک یعنی تازہ قومی مضبوطی کے معیار اور رہنما کتاب کے مطابق ہے۔ پانچ مقامی مضبوطی کے ابتدائی علاقوں میں اب مشترکہ قیادت کے نمونوں کی جانچ کی جا رہی ہے، جن کے ابتدائی نتائج موسمِ گرما 2026 میں متوقع ہیں۔ کمزور اور ضرورت مند رہائشیوں کی مدد سے متعلق نظرِ ثانی شدہ رہنمائی اپریل 2025 میں جاری کی گئی، جس کے ساتھ مقامی حکام کی قانونی ذمہ داریوں کے بارے میں تازہ توقعات بھی شامل تھیں۔

**اس رپورٹ کے ساتھ متعلقہ اعلانات اور دستاویزات بھی جاری کی جا رہی ہیں۔**

17. حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وہ جلد ہی ایسا قانون پیش کرے گی جس کے ذریعے گرینفیل ٹاور کی یادگار کی تعمیر اور دیکھ بھال ممکن بنائی جائے گی۔ یہ یادگار اُن افراد کو خراجِ عقیدت پیش کرے گی جو اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے، اور اُن لوگوں کو بھی جن کی زندگیاں اس سانحے کے باعث ہمیشہ کے لیے بدل گئیں۔ یہ ایک باوقار اور پُرسکون جگہ ہوگی، جہاں لوگ یاد کر سکیں گے، غور و فکر کر سکیں گے، اور اپنی عقیدت پیش کر سکیں گے۔ آزاد جائزہ لینے والے گروہ کی سفارش کے مطابق، ایک نجی اور مقدس یادگاری جگہ بھی قائم کی جائے گی اُن لوگوں کے لیے جو اس سانحے سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ حکومت اس بات کے لیے پُرعزم ہے کہ آزاد گرینفیل ٹاور یادگاری کمیشن اور کمیونٹی کی مدد کرے تاکہ ایک مناسب اور دیرپا یادگار قائم کی جا سکے، اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ متاثرہ افراد اور وہ لوگ جو اس سانحے میں جان سے گئے، کبھی فراموش نہ کیے جائیں۔

18. حکومت تعمیراتی سامان کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے اہم اصلاحات کے ایک منصوبے کو آگے بڑھا رہی ہے، تاکہ ایک زیادہ مضبوط، شفاف اور قابلِ اعتماد نظام قائم کیا جا سکے۔ تعمیراتی سامان سے متعلق اصلاحات کے ابتدائی مشاورتی مسودے کے جواب میں، حکومت نے ایک مفصل پالیسی دستاویز جاری کی ہے جس میں واضح حکمتِ عملیاں اور آئندہ کے اقدامات بیان کیے گئے ہیں، جن کا مرکز بہتر حفاظت اور جوابدہی ہے۔ اصلاحات کو آگے بڑھانے کے لیے حکومت اس بات پر بھی مشاورت کر رہی ہے کہ عمومی حفاظتی تقاضہ مقرر کیا جائے تاکہ وہ سامان بھی ضابطے میں لایا جا سکے جو ابھی تک کسی نگرانی میں نہیں ہے، اور منصوبہ ہے کہ پارلیمان کے وقت کی دستیابی کے مطابق اس سال کے آخر میں مزید قانون سازی پیش کی جائے۔

19. یہ حکومت اس بات پر قائم ہے کہ رہائشی اپنے گھروں میں محفوظ محسوس کریں، ذمہ داریوں کے بارے میں واضح اور جوابدہ نظام ہو، اور متعلقہ شعبے کے پاس اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے ضروری معلومات موجود ہوں۔ یہی بنیاد ہماری اس وابستگی کو مضبوط کرتی ہے کہ تمام منظور شدہ سفارشات پر عمل کیا جائے اور اُن کوتاہیوں کو دوبارہ ہونے سے روکا جائے جن کی وجہ سے گرینفیل ٹاور کا المناک سانحہ پیش آیا۔